سوال

(359)حج کرنے والے بچوں پر ہدی کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بچوں پر ہدی کرنا لازم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص اپنے بچوں میں سے کسی کو حج کروانے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس پر لازم ہے کہ وہ بچے پر اسی طرح احکام حج منطبق کرے جس طرح وہ اپنے نفس پر ان کو منطبق کرتا ہے اور انھی احکام میں سے ہدی بھی ہے۔

لیکن جب اسے قربانی میسر نہ ہو تو وہی حکم لاگو ہو گا جو قربانی نہ ہونے کی صورت میں اس کے نفس پر لاگو ہوتا ہے یعنی وہ اس کی طرف سے روزے رکھے۔ ہمیں تو قرآن وسنت سے استنباط کرتے ہوئے یہی سمجھ آتی ہے۔ واللہ اعلم (علامہ ناصر الدین البانی رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 314

محدث فتویٰ